سوال

(410) نماز عید کا مکمل طریقہ کیا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عید کا مکمل طریقہ کیا ہے؟ (محمد شکیل، فورٹ عباس)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عید عام نماز کی طرح دو رکعت نماز ہے۔ صرف اتنی چیز ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے سات اور دوسری رکعت میں قراءت سے پہلے پانچ تکبیریں کہا کرتے تھے۔

اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں ﴿هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ﴾ پڑھا کرتے تھے۔

اور کبھی پہلی رکعت میں ﴿قٓ وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ﴾ اور دوسری رکعت میں ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

تفصیل کے لیے دیکھیں: ''کتاب القول السدید فی تکبیرات العیداز مولانا عبدالرحمٰن صاحب محدث مبارکپوری صاحب تحفۃ الاحوذی'' ۱۲ ۱۰ ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 347

محدث فتویٰ